ہندو دھرم کا پراچین گرنتھ منوجی مہاراج کا بنایا ہوا

30

منوسمرتی

شلوک وار مکمل نہایت سلیس بامحاورہ اردو ترجمہ

معہ

وشنو سمرتی تمام

جسے

بھائی تاراچند چھتر بکسیلر و پبلشر انارکلی بازار لاہور نے

بصرف زر کثیر برائے افادہ عام چھپوا کر

بار پنجم — × — قیمت ۱۲ / مجلد عہ

۱۴-۱۲-۲۴-۸-۲۵ گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام بھائی تاراچند چھتر پرنٹر چھپا

۳۴۔ اس ریت سے راجہ رکھ ملا اور اچھے سے اوقات گذاری کرے تو اس کا یش لوک میں پھیل جائے جیسے پانی میں تیل کا بوند پھیل جاتا ہے ۞

۳۵۔ جو راجہ اس کے برخلاف ہے اور جس نے اپنے نفس کو معلوم نہیں کیا اسکا یش لوک میں نہیں پھیلتا جیسے گھی کا بوند پانی میں نہیں پھیلتا ہے ۞

۳۶۔ جو ورن اور آشرم اپنے اپنے دھرم پر ثابت قدم ہیں انہوں کی حفاظت کیلئے راجہ پیدا کیا گیا ہے ۞

۳۷۔ بھرگو جی مہارشی کہتے ہیں کہ رشی لوگو راجہ معہ اپنے اہلکاروں کے رعایا کی حفاظت میں مشغول رہتے ہیں ان کے کرنے کے لائق کاموں کو سلسلہ وار ہم آپ لوگوں سے کہیں گے ۞

۳۸۔ راجہ صبح کے وقت اٹھکر ایسے براہمنوں کا جو رگ وید یجر وید سام وید کو بخوبی جانتے ہوں انکا درشن اور پوجن کرے اور حکم کے تابع کرے ۞

۳۹۔ اپنے بزرگوں اور ودیا پڑھے ہوئے شدھ براہمنوں کی خدمت راجہ کو ہمیشہ کرنی چاہیئے اس سے راجہ کو مخالف لوگ بھی پوجتے ہیں ۞

۴۰۔ پیدائشی عقل اور نیتی شاستر کے پڑھنے سے جو عقل پیدا ہو ان دونوں کی وجہ سے اگر مزاج ملائم ہو تاہم اور زیادتی عاجزی کے براہمنوں سے عاجزی کیا کرے تا کہ کبھی نقصان نہ ہو

۴۱۔ بہت راجہ عاجزی نہ کرنے سے معہ اپنے راج و دولت کے بگڑ گئے اور جنگل میں رہنے والے راجاؤں نے عاجزی کرنے سے راج کو پایا ہے منو جی راجہ کو ہدایت کرتے ہیں کہ وہ خود غرضی کیواسطے نہیں اسواسطے مثل او پچھلا فی سے زندگی بسر کرنا تیلا یا ہے ۔

۴۲۔ بین پرتھو نہش چیمن کا بیٹیا سدا اس سکھ تم یہ سب راجہ بوجہ عاجزی نہ کرنے کے مٹ گئے ۞

۴۳۔ عاجزی کرنے سے منو پرتھو اور منو نے راج پایا اور کوبیر کبھی دھن کے خزانچی ہوئے اور بسوامتر کشتری سے براہمن بن گئے ۞

۴۴۔ تین وید کے جاننے والوں سے تینوں وید کو ڈنڈ اور نیت جاننے والوں سے نیت شاستر کو اور برہم ودیا جاننے والوں سے برہم ودیا کو پڑھے اور حصول دولت کی تدبیر جاننے والوں سے کھیتی اور تجارت